ilmkidunya
علم کی دنیا

Islamiat Elective - 9th Class Islamiat Elective Chapter 1 Urdu Medium Preparation

Q1. قرآن پاک کے مطابق چار عقائد کے نام لکھیں.

Ans 1: 1.عقیدہ توحید 2.عقیدہ قیامت 3.عقیدہ رسالت 4.عقیدہ ملائکہ

Q2. معانی لکھیں الامین صادق

Ans 1: معنی امانت دار سچا کھرا

Q3. قرآن مجید کو قیامت تک اسلام کا معجزہ قرار دیا گیا ہے وضاحت کیجیے

Ans 1: قرآن مجید اللہ کی آخری کتاب اپنے آخری رسول پر اتاری گئی وہ عظیم المرتبت کتاب ہے جس کی حفاظت کا ذمہ اللہ نے خود لیا ہے اب تک چودہ سو سال گذر چکے میں اس کے الفاظ تو کجا کسی زیر زبر میں اب تک کوئی فرق نہیں آیا یہ کتاب ساری کائنات کیلیے رشدو ہدائت کا باعث ہے اس کتاب کی ہدایات پر عمل کرکے عرب کے نے قیصرہ وکسری ایران اور روم دیگر بڑی بڑی سلطنتوں کو زیر کرکے قرآن کے جھنڈے گا زدیے پس ثابت ہوا کہ قرآن مجید قیامت تک کیلیے اسلام کا معجزہ ہے اور قرآن سارے عالم کیلیے امن اسلامتی مرکز بھی ہے

Q4. مقدار تلاوت کے بارے میں حضرت امام ابوحنیفہ نے کیا فرمایا

Ans 1: آپ نے فرمایا: اگر سال دو مرتبہ قرآن مجید ختم ہوگیا تو حق ادا ہوگیا

Q5. معنی لکھیں-الامین صادق

Ans 1: معنی امانت دار - سچا،کھرا

Q6. حفاظت قرآن کے سلسے میں قرآن کی ایک آیت تحریر کریں.

Ans 1: ترجمہ: بے شک اس ذکر(قرآن) کو ہم نے نازل کیا اور ہم ہی اس کے محا فظ ہیں.

Q7. فاقر و اما تیسرمن القران کا ترجمہ کریں

Ans 1: ترجمہ: پس تم سے جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جاسکے پڑھ لیا کرو

Q8. جہرو اخفا سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: پڑھبے والوں پر منحصر ہے کہ با آواز بلند کریں یا آہستہ آواز میں قرآن مجید پڑھیں لیکن بلند آواز سے پڑھتے وقت اس بات کا دھیان رکھیں کہ ایسی تلاوت سے کسی کو تکلیف نہ ہو.کیونکہ جب قرآن بلند آواز میں پڑھا جائے تو دوسرے لوگوں پر اس کا سننا اور خاموش رہنا فرض ہے.ارشاد باری تعالی ہے کہ "اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے خوب غور سے سنو اور خاموش ہو جاؤ تاکہ تم پر رحمت ہو "

Q9. تلاوت قرآن کریم فضیلت بیان کیجیے

Ans 1: احادیث میں تلاوت قرآن کریم کی بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے اور تلاوت کی تاکید کی گئی ہےایک حدیث میں ہے میری امت کی سب سے افضل عبادت تلاوت قرآں کریم ہے قرآں کریم کی تلاوت کا بہت زیادہ ثواب ہے حدیث شریف میں ہے جو شخص قرآن ک ا ایک حرف تلاوت کرے گا اسے دس نیکیوں کا ثواب ملے گا آپ نے اسی حدیث میں یہ بھی واضح فرما دیا ہے کہ السم ایک حرف نہیں بلکہ الف ایک حرف لام ایک اور حرف اور میم ایک اور حرف ہے

Q10. قرآن مجید سے حقیقی معنوں میں کون سے لوگ مستفیض ہوسکتے ہیں

Ans 1: قرآن مجید میں حقیقی معنوں میں مستفیض وہی لوگ ہوسکتے ہیں جو متقی اور پرہیز گارہوں دوسرے لوگ اس سے کماحقہ فائدہ نہین اٹھاسکتے اس امر کی طرف سورہ بقرہ کے آغاز میں ھدی للمتقین کہ کر اشارہ فرمایا گیا ہے تلاوت کرتے وقت یہ بات ذہن سے ہر گز اوجھل نہ ہونی چاہیے کہ یہ اللہ تعالی کی کتاب ہے جو اس نے اپنے حبیب حضرت مہمد پر نازل فرمائی ہے اس کے ادب واحترام اور اس کے احکام کی پابندی ہی میں ہماری فلاح اور کامرانی مضمر ہے